سوال

(184) کلی کرتے ہوئے پانی حلق سے نیچے اتر جائے تو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کلی کرتے وقت یا ناک میں پانی چڑھاتے وقت اگر پانی حلق سے نیچے اتر جائے تو کیا اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزہ دار جب کلی کرے یا ناک میں پانی چڑھائے اور پانی حلق سے نیچے اتر جائے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ اس نے ایسا جان بوجھ کر نہیں کیا ہے۔ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

وَلَيسَ عَلَيكُم جُناحٌ فيما أَخطَأتُم بِهِ وَلـٰكِن ما تَعَمَّدَت قُلوبُكُم ... ۵ ... سورة الاحزاب

''تم سے بھول چوک میں جو کچھ ہو جائے اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں ہے البتہ گناہ وہ ہے جس کا تم ارادہ دل سے کرو۔''

(فضلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ)

البتہ روزہ دار کو تلقین نبوی ہے کہ وہ اس سلسلے میں احتیاط سے کام لے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

رمضان المبارک اور روزہ، صفحہ: 447

محدث فتویٰ